نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے بہاریہ کماد کیلئے زمین کی تیاری اور بیج کے انتخاب بارے سفارشات جاری کر دیں

لاہور:10فروری2026: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کماد کی اچھی پیداوار کے لیے اچھے نکاس والی بھاری میرا زمین نہایت موزوں ہے۔ شور زدہ ریتلی زمین کماد کی کاشت کے لیے موزوں نہ ہے البتہ میرا اور ہلکی میرا زمین پر بھی اسکی کاشت ہو سکتی ہے بشرطیکہ حسب ضرورت موزوں پانی دستیاب ہو۔ کماد کے کاشتکار سابقہ فصل یعنی دھان اور کپاس وغیرہ کی برداشت کے بعد روٹاویٹر یا ڈسک ہیرو چلا کر پچھلی فصل کی باقیات کو زمین میں ملا دیں۔ اس کے بعد دو مرتبہ کراس چیزل ہل ضرور چلائیں۔ پھر تین چار مرتبہ عام ہل چلا کر زمین کو بھربھرا کر لیں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ گنے کی کاشت کھیلیوں میں کرنے کے لیے ہموار زمین کو گہرا ہل چلا کر اور مناسب تیاری کے بعد سہاگہ دیں اور پھر رجر کے ذریعے 10 تا 12 انچ گہری کھیلیاں 4 فٹ کے فاصلہ پر بنائیں۔ ہمیشہ صحت مند بیماریوں اور کیڑوں سے پاک فصل سے بیج کا انتخاب کریں۔ خاص طور پر ایسے کھیت سے بیج ہرگز نہ لیں جس میں رتہ روگ کی بیماری ہو۔ بیج بناتے وقت بیمار اور کمزور گنے چھانٹ کر نکال لیں۔ کورے سے متاثرہ اور گری ہوئی فصل سے بیج نہ لیں۔ سموں پر کھوری یا سبز پتوں کا غلاف نہیں ہونا چاہیے وگرنہ اگاؤ متاثر ہوتا ہے اور دیمک لگنے کا احتمال بھی بڑھ جاتا ہے۔ بیج کو محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے پھپھوندی کش زہر کے محلول میں 25 تا 30 منٹ تک بھگو کر کاشت کریں۔

☆☆☆☆